## ضلع جیکب آباد تعلقہ ٹھل کے گاؤں حضور بخش جعفری کی جعفری، بھٹی اور بمبل برادریوں کے نوجوانوں اور بزرگوں کی متحدہ میں شمولیت

جیکب آباد۔۔۔9، ستمبر 2007ء

ضلع جیکب آباد تعلقہ ٹھل کے گاؤں حضور بخش جعفری کے سردار نور حسین جعفری، بھٹی برادری کے رئیس مغل اور بمبل برادری کے رئیس محمد حنیف کی سربراہی میں ان برادریوں کے نوجوانوں اور بزرگوں نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے جیکب آباد کے تعلقہ ٹھل کے گاؤں حضور بخش جعفری میں ایم کیو ایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے تحت منعقدہ اجتماع میں کیا۔ اجتماع میں وزیر اعلیٰ سندھ کے حق پرست معاون خصوصی نصرت عزیز، حق پرست رکن سندھ اسمبلی شنکر لال، ایم کیو ایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن غلام حیدر را ہو اور ایم کیو ایم جیکب آباد کی زونل کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیو ایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن غلام حیدر را ہو نے کہا کہ سندھ کے عوام متحد ہو کر سندھ کے خلاف کی جانے والی ہر سازش کا ڈٹ کا مقابلہ کریں گے اور فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کر دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جدوجہد اقتدار کے لئے نہیں بلکہ ملک بھر کے غریب و متوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کیلئے ہے یہی وجہ ہے کہ ملک بھر کے مظلوم عوام حق پرستی کے پیغام کو سمجھتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کر رہے ہیں۔ انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والی جعفری، بھٹی اور بمبل برادریوں کے نوجوانوں اور بزرگوں کا زبردست خیر مقدم کیا۔ اس موقع پر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والی برادریوں کے نوجوانوں اور بزرگوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین واحد لیڈر ہیں جو ملک بھر کے غریب و مظلوم عوام کے حقوق کے حصول کیلئے عملاً جدوجہد کر رہے ہیں اور ایم کیو ایم حق پرستانہ جدوجہد میں ہم اپنا ہر ممکن کردار ادا کریں گے۔

## سندھ انٹیلیکچوئیل فورم کی تنظیم نو۔ چار رکنی آرگنائزنگ کمیٹی کا اعلان

کراچی۔۔۔9، ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سندھ انٹیلیکچوئیل فورم کی تشکیل نو کیلئے چار رکنی آرگنائزنگ کمیٹی کے ناموں کا اعلان کیا ہے جبکہ سابقہ کمیٹی تحلیل کر دی گئی ہے۔ فورم کی تشکیل نو آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان میں اصغر رند، طارق جتوئی، محمد ذکی ایڈوکیٹ اور لونگ خان چنہ شامل ہیں۔ یہ آرگنائزنگ کمیٹی تنظیمی کاموں کو آگے بڑھانے کے ساتھ ساتھ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے رابطے کرے گی۔

## الطاف حسین منگل 11 ستمبر کو گریجویٹ فورم کے اجتماع سے خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔9، ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین منگل 11 ستمبر شام 7 بجے کشمیر روڈ اسپورٹس کمپلیکس میں گریجویٹ فورم کے اجتماع سے ٹیلیفونک خطاب کریں گے۔ اجتماع کے سلسلے میں گریجویٹ فورم کی جانب سے انتظامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے اور شرکاء کو دعوت نامے ارسال کر دیئے گئے ہیں۔

## اے پی ایم ایس او کے تحت طلبہ و طالبات منگل 11 ستمبر کو ہومیو پیتھک کالج ناظم میں تقریری مقابلہ منعقد کیا جائیگا الطاف حسین ایک ولولہ انگیز قیادت کے عنوان سے مقابلے کیلئے انتظامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے

کراچی۔۔۔9، ستمبر 2007ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے زیر اہتمام منگل 11 ستمبر صبح 10 سینٹرل ہومیو پیتھک کالج ناظم آباد میں ''الطاف حسین ایک ولولہ انگیز قیادت'' کے عنوان سے ایک تقریری مقابلہ منعقد کیا جائے گا جس میں طلبہ و طالبات حصہ لیں گے۔ تقریری مقابلے کے سلسلے میں اے پی ایم ایس او کی جانب سے انتظامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے اور اس سلسلے میں مقابلے میں حصہ لینے والے طلبہ و طالبات کے ناموں کے اندراج اور شرکاء محفل کو دعوت نامے تقسیم کیے جا رہے ہیں۔

## جماعت اسلامی ڈاکٹر فرحان کے قتل پر سیاست چمکا رہی ہے، طاہر کھوکھر

## میرے بیٹے ڈاکٹر فرحان بٹ کا جماعت اسلامی سے کوئی تعلق نہیں تھا، والد

## ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے وفد نے ڈاکٹر فرحان مرحوم کی رہائشگاہ جا کر سوگواران سے تعزیت کی

کوٹلی۔۔۔9، ستمبر 2007ء

آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر اور ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے آرگنائزر طاہر کھوکھر کی سربراہی میں 3 رکنی وفد نے کراچی میں پنجابی اسٹوڈنٹس ایسوسی ایشن اور اسلامی جمعیت طلبا کے درمیان تصادم کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے طالبعلم ڈاکٹر فرحان بٹ کی رہائش گاہ واقع ضلع کوٹلی کے نواحی علاقے کھوئی رٹہ جا کر سوگوار لواحقین سے تعزیت کی۔ اس موقع پر ڈاکٹر فرحان کے والد الیاس بٹ نے ایم کیو ایم کے نمائندوں کو بتایا کہ ان کے بیٹے کا جماعت اسلامی سمیت کسی سیاسی جماعت سے تعلق نہیں تھا۔ وہ ایم بی بی ایس فرسٹ ایئر کے طالب علم تھے اور کالج ہاسٹل میں جگہ نہ ملنے کے باعث دیگر طلباء کے ساتھ ایک پرائیویٹ ہاسٹل میں رہتے تھے۔ ہاسٹل میں جمعیت کے طلباء بھی قیام پذیر تھے لیکن اسلامی جمعیت طلبہ کے کارکنوں کے ساتھ رہنے کے باوجود فرحان بٹ نے اسلامی جمعیت طلباء سے وابستگی اختیار نہیں کی تھی۔ انہوں نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ جماعت اسلامی اور بعض حکومتی وزراء ان کے بیٹے کی لاش پر سیاست چمکانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے اس عمل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں اصل حقائق کا علم نہیں کہ ہمارے بیٹے کو کیوں مارا گیا۔ طاہر کھوکھر نے سوگوار لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر فرحان کے قاتل انصاف کے کٹہرے میں لائے جائیں گے۔ طاہر کھوکھر نے کہا کہ جماعت اسلامی ہمیشہ لاشوں کی سیاست کرتی رہی ہے اور جماعت اسلامی ڈاکٹر فرحان کے قتل پر سیاست چمکا کر ایم کیو ایم کو بدنام کرنے کی کوشش کر رہی ہے جبکہ اس معاملہ میں ایم کیو ایم کا دور دور تک کوئی واسطہ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کا ماضی عوام کے سامنے بے نقاب ہو چکا ہے۔ عوام جانتے ہیں کہ جماعت اسلامی، جہاد کے نام پر معصوم بچوں کو مروانے کے ساتھ ملک کے اندر بھی دہشت گردی اور تخریب کاری میں ملوث ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کی منافقانہ سیاست کے باعث آزاد کشمیر کے عوام نے جماعت اسلامی کی منفی سیاست کو ہمیشہ کیلئے مسترد کر دیا ہے یہی وجہ ہے کہ جماعت اسلامی، انتخابات میں کروڑوں روپے خرچ کرنے کے باوجود ایک سیٹ بھی نہیں جیت سکی۔ بعد ازاں ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے وفد نے کوٹلی بار روم میں بار ایسوسی ایشن کے ممبران اور عہدیداران سے ملاقات کی اور انہیں ڈاکٹر فرحان کے قتل کے اصل محرکات سے آگاہ کیا۔

## اورنگ آباد میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے خورشید بیگم میڈیکل سینٹر کا افتتاح

## میڈیکل سینٹر میں ایمرجنسی روم، ڈسپنسری، لیبر روم، الٹراساؤنڈ کے شعبہ جات قائم کئے گئے ہیں

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیاں الطاف حسین کے دیئے گئے درس کی آئینہ دار ہیں، شیخ لیاقت حسین

کراچی۔۔۔9، ستمبر 2007ء

اورنگ آباد کے علاقے میں متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے خورشید بیگم میموریل میڈیکل سینٹر کی دوسری شاخ کا افتتاح کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں میڈیکل سینٹر سے متصل گراؤنڈ میں افتتاحی تقریب منعقد کی گئی جس میں علاقے کے معززین، نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ خورشید بیگم میموریل میڈیکل سینٹر میں ایمرجنسی روم، ڈسپنسری، لیبر روم، الٹراساؤنڈ کے شعبہ جات قائم کئے گئے ہیں جبکہ میڈیکل سینٹر کے اوپری جانب دو منزلہ عمارت ابھی زیر تعمیر ہے جس میں آپریشن تھیٹر بنایا جائے گا اور 20 بیڈ لگائے جائیں گے۔ قبل ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنویز اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر شیخ لیاقت حسین نے میڈیکل سینٹر کا افتتاح کیا اور اسکے مختلف طبی شعبہ جات کا دورہ کیا۔ انہوں نے علاقے کے عوام سے اپیل کی کہ وہ خورشید بیگم میڈیکل سینٹر میں علاج و معالجہ کی سہولیات سے مستفید ہونے کیلئے زیادہ سے زیادہ تعداد میں رابطہ کریں۔ انہوں نے میڈیکل سینٹر کے قیام کے سلسلے میں تعاون کرنے والے افراد میں ایوارڈ بھی تقسیم کئے۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر نصرت، اشفاق منگی، صوبائی وزیر رؤف صدیقی، اراکین سندھ اسمبلی ادریس صدیقی، خالد بن ولایت، فرحینہ عنبرین، عزیز قزلباش، حق پرست ٹاؤن ناظمین حافظ اسامہ قادری، ممتاز حمید، نائب ناظم احسن اللہ اور خورشید بیگم میموریل میڈیکل سینٹر کے ایڈمنسٹریٹر عبدالقادر لاکھانی بھی موجود تھے۔ شیخ لیاقت حسین نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن انسانیت کی خدمت کیلئے اپنا دائرہ وسیع تر کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کی ملک کے دیگر علاقوں کے لوگ بھی خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں کو سراہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن ایک ایسا ادارہ ہے جسکے نزدیک صرف اور صرف دکھی انسانیت کی خدمت کو ہی ترجیح دی جاتی ہے، اس ادارے کے تحت پیسے بٹورنے کا دھندا نہیں

کیا جاتا بلکہ غریب و مستحق افراد کی عملاً مدد کی جاتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ماہِ رمضان المبارک کی آمد آمد ہےاور رمضان المبارک میں خدمت خلق فاؤنڈیشن غریب و مستحق افراد کو عید کی خوشیوں میں شریک کرنے کیلیئے بڑاامدادی پروگرام منعقد کرتی ہے جس میں بلاتفریق غریب و مستحق افراد میں کروڑوں روپے کی امداد تقسیم کی جاتی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے کشمیراور سرحد میں آنے والے ہولناک زلزلہ میں کی گئی امدادی سرگرمیوں کو سراہتے ہوئے اسکے اعتراف میں صدر پاکستان نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو ستارہ خدمت سے نوازا جبکہ وزیر اعظم شوکت عزیز نے بھی خدمت خلق فاؤنڈیشن کی خدمات کے اعتراف میں شیلڈ بھی پیش کی ۔انہوں نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن مخیرّ حضرات اور عوام کے تعاون سے اپنی فلاحی سرگرمیاں جاری رکھے گا اور دکھی انسانیت کی خدمت بلاتفریق طریقے سے انجام دیتا رہے گا۔

☆☆☆☆☆